# 10-11-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست کے معروف شاعر اور نغمہ نگار اندے سری جنہوں نے تلنگانہ کا ریاستی ترانہ 'جیا جیا ہے تلنگانہ' تخلیق کیا تھا، آج صبح چل بسے۔ ان کی آخری رسومات مکمل سرکاری اعزازات کے ساتھ انجام دی جائیں گی۔

۲۔ سپریم کورٹ 17 نومبر کو ایک درخواست کی سماعت کرے گا جس میں بی آر ایس کے 10 منحرف ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دئے جانے کے معاملہ میں تلنگانہ اسپیکر کے خلاف کارروائی نہ کرنے سے متعلق معاملہ کی سماعت کی جائے گی۔

۳۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ کومراویلی ملنا ریلوے اسٹیشن کا اگلے سال سنکرانتی تک افتتاح کیا جائے گا جبکہ ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ اگلے سال تک کام کرنا شروع کر دے گا۔

۴۔ حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کے کل منعقد ہونے والے انتخابات کے تحت مختلف انتظامات بشمول پولنگ عملہ کو متعین کیا جا رہا ہے اور ای وی ایم مشینوں اور وی وی پی اے ٹی کو منتقل کیا جا رہا ہے۔

AZHARUDDIN:

سابق کرکٹر اور کانگریس لیڈر محمد اظہر الدین نے آج سیکریٹریٹ، حیدرآباد میں محکمہ عوامی ادارہ جات اور اقلیتی فلاح و بہبود کے وزیر کے طور پر قلم دان سنبھال لیا۔ اظہر الدین نے کہا کہ وہ فوری طور پر عوام سے متعلق اہم امور پر توجہ دیں گے۔ وہ متعلقہ عہدیداروں سے ملاقات کر کے ان مسائل کی نشاندہی کریں گے جنہیں فوری حل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ترجیح تمام اقلیتوں کی فلاح و بہبود ہوگی۔ سابق کپتان نے اس موقع پر مقبول عام شاعر اندے سری کی موت پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ریاست کے لئے ایک بڑا نقصان قرار دیا۔

DIED:

ریاست کے معروف شاعر اور نغمہ نگار اندے سری جنہوں نے تلنگانہ کا ریاستی ترانہ 'جیا جیا ہے تلنگانہ' تخلیق کیا تھا، آج صبح چل بسے۔ ان کی عمر چونسٹھ برس تھی۔ پسماندگان میں تین لڑکیا اور ایک لڑکا شامل ہیں۔ اہل خانہ کے مطابق، اندے سری حیدرآباد کے لالا پیٹ میں واقع اپنے گھر پر اچانک بیہوش ہو گئے تھے۔ انہیں گاندھی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں علاج کے دوران جانبر نہ ہو سکے۔ اندے سری کا اصل نام اندے ایلا ٹا تھا۔ ان کی پیدائش اٹھارہ جولائی انیس سو اکسٹھ کو ضلع ورنگل کے مدّ ورمنڈل کے ریبّارتی گاؤں میں ہوئی تھی۔ اگرچہ ان کی کوئی باقاعدہ تعلیمی تربیت نہیں تھی، لیکن وہ عوامی سطح پر ایک محترم شاعر اور ثقافتی آواز کے طور پر اُبھرے۔ انہوں نے ابتدا میں ایک تعمیراتی مزدور کے طور پر کام کیا، مگر اپنے مشہور گیت 'مایا مای پوتھونا دما منیشا ننا واڈو' کے ذریعہ شہرت حاصل کی۔ اندے سری نے تلنگانہ ریاستی تحریک کے دوران اپنی شاعری اور گیتوں سے عوام میں جوش و جذبہ پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہیں کئی اعزازات ملے جن میں دو ہزار چھ میں فلم گنگا کے لیے نندی ایوارڈ دو ہزار چودہ میں اکیڈمی آف یونیورسل گلوبل پیس ڈاکٹریٹ دو ہزار پندرہ میں دسا رَتھی ساہتیہ پرسکار اور راوُ ری بھرَ دواجہ لٹریری ایوارڈ شامل ہیں۔ آخری رسوم ریاستی اعزاز کے ساتھ ادا کی جائے گی۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اندے سری کی اچانک موت پر گہرے صدمے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ ریاستی گیت جیا جیا ہے تلنگانہ کے خالق اندے سری کا انتقال ادب کی دنیا کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ اور بی آر ایس پارٹی کے صدر کے چندر شیکھر راؤ نے بھی اندے سری کی اچانک موت پر افسوس ظاہر کیا۔ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے اپنے تعزیتی پیام میں کہا کہ اندے سری گارو صرف شاعر نہیں بلکہ عوام کی آواز تھے۔

COLD WAVE:

ضلع سنگاریڈی کے منڈل پٹن چیرو اور ضلع عادل آباد میں کل شب اقل ترین درجہ حرارت 12.2 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ امکان ہے کہ تلنگانہ بھر میں آئندہ دو سے تین دن کے دوران کم ازکم درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری کم رہے گا جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست بھر میں موسم خشک رہا۔

SC- NHAI:

سپریم کورٹ نے راجستھان کے علاقہ پھلوڑی میں پیش آئے سڑک حادثہ پر اپنے طور پر حرکت میں آتے ہوئے ایکشن لیا ہے جیسا کہ اس حادثہ میں ایک ٹمپو نے جس میں یاتری سوار تھے، کھڑے ہوئے ٹرک کو ٹکر دے دی تھی جس کے نتیجہ میں 15 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔آج اس معاملہ کی سماعت کرتے ہوئے عدالت نے نیشنل ہائی وے اتھاریٹی کو ایک رپورٹ داخل کرتے ہوئے یہ وضاحت کرنے کے لئے کہا کہ مختلف علاقوں میں قومی شاہراہوں پر دھابے کیوں قائم کئے گئے ہیں۔جسٹس جے کے مہیشوری اور وجے بشنوئی پر مشتمل بنچ نے این ایچ اے آئی سے کہا کہ ٹولس حاصل کئے جانے کے باوجود قومی شاہراہوں کی ابتر صورتحال کے تعلق سے رپورٹ داخل کی جائے۔سپریم کورٹ نے حال ہی میں حیدرآباد۔بیجاپور ہائی وے پر پیش آئے بس حادثہ کا بھی حوالہ دیا جس میں 19 افراد ہلاک ہوئے تھے۔عدالت نے یہ بات نوٹ کی کہ دونوں حادثات دو ہفتوں کے اندر پیش آئے جس میں 33 اموات ہوئیں۔

PM- ANDE SRI

وزیراعظم نریندر مودی نے آندیسری کی موت پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ آندیسری کی موت سے ملک کے ثقافتی و تعلیمی میدان میں ایک خلاء پیدا ہوگیا ہے۔مودی نے آندیسری کے چاہنے والوں اور ارکانِ خاندان سے اظہار تعزیت کیا۔

DISQUALIFY:

سپریم کورٹ 17 نومبر کو ایک درخواست کی سماعت کرے گا جس میں بی آر ایس کے 10 منحرف ارکانِ اسمبلی کو نا اہل قرار دئے جانے کے معاملہ میں تلنگانہ اسپیکر کے خلاف کارروائی نہ کرنے سے متعلق معاملہ کی سماعت کی جائے گی۔ 31 جولائی کو چیف جسٹس بی آر گوائی پر مشتمل ایک سرکردہ بنچ نے اسپیکر اسمبلی کو ہدایت دی تھی کہ بی آر ایس کے 10 ایم ایل ایز کی نا اہلی کا فیصلہ تین مہینہ کے اندر کیا جائے۔ وکیل نے آج بتایا کہ فوری سماعت کی ضرورت ہے کیونکہ اسپیکر نے دی گئی تین مہینہ کی مہلت میں کوئی اقدام نہیں کیا۔

BRS- COMPLAINT:

سابق وزیر و سینئر ایم ایل اے ہریش راؤ کی زیرِ قیادت بی آر ایس پارٹی کے ایک وفد نے آج تلنگانہ کے چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی سے ملاقات کی اور حکمراں کانگریس پارٹی کے خلاف شکایت کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ وہ جوبلی ہلز ضمنی انتخابات کے تحت انتخابی قواعد کی خلاف ورزی کررہی ہے۔ وفد نے اپنے اس مطالبہ کو دہرایا کہ آزادانہ وشفاف انتخابات کیلئے مرکزی مسلح پولیس پولیس فورس کو متعین کیا جائے۔ سی ای او کو یادداشت پیش کرنے کے بعد حیدرآباد میں بی آر کے بھون میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ کانگریس پارٹی کی جانب سے رائے دہندوں میں ایک لاکھ سے زیادہ ساڑھیاں، مکسر گرینڈر، شراب اور رقم کے علاوہ دیگر اشیاء تقسیم کی گئی ہیں۔ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ الیکشن ڈیوٹی کیلئے مقررہ کردہ عہدیدار اپنے اختیارات کا غلط استعمال کررہے ہیں اور کانگریس کے ایجنٹ کے طور پر کام کررہے ہیں۔

BY -POLL:

حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کے کل منعقد ہونے والے انتخابات کے تحت مختلف انتظامات بشمول پولنگ عملہ کو متعین کیا جارہا ہے اور حیدرآباد کے علاقہ یوسف گوڑہ میں واقع کوٹلہ وجئے بھاسکر ریڈی اسٹیڈیم کے اسٹرانگ رومس سے ای وی ایم مشینوں اور وی وی پی اے ٹی کو منتقل کیا جارہا ہے۔ جوبلی ہلز کے الیکشن کیلئے جملہ دو ہزار 60 پولنگ عملہ، بشمول پریسائیڈنگ آفیسرس، اسسٹنٹ پریسائیڈنگ آفیسرس اور دیگر انتخابی عہدیداروں کو مقرر کیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر آروی کرنن نے ای وی ایم مشینوں کے تعلق سے مناسب انتظامات کئے ہیں۔ میدان میں 58 امیدوار ہیں جبکہ تمام 407 پولنگ مراکز پر مکمل انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ رائے دہی کا عمل صبح سات بجے سے شام 6 بجے تک رہے گا۔ اسی دوران ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور جوائنٹ سی پی تفسیر اقبال نے اسٹیڈیم کا دورہ کرتے ہوئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

SURRENDER:

چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والے ممنوعہ سی پی آئی ماؤنواز گروپ کی ایک خاتون ممبر نے آج تلنگانہ پولیس کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ 30 سالہ ماؤنواز نے ملگو کے سپرنٹنڈنٹ پولیس شبارش کے سامنے خودکو حوالہ کردیا۔ خاتون نے قبائلیوں کیلئے مختلف فلاحی وترقیاتی اسکیمات کے بارے میں سننے کے بعد یہ فیصلہ کیا۔ اِس سال اب تک 85 ماؤنواز ملگو پولیس کے سامنے خودکو حوالہ کرچکے ہیں۔

VBLYD - QUIZ:

وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026ء کا انعقاد اس سال یکم ستمبر سے 31 اکتوبر کے دوران عمل میں آیا جس میں پچاس لاکھ سے زائد نوجوانوں نے حصہ لیا۔ اس طرح گزشتہ سال کی تعداد 30 لاکھ کے مقابلہ میں اس سال یہ تعداد بڑھ گئی۔ تمام 28 ریاستوں اور 8 مرکزی زیرانتظام علاقوں سے نوجوانوں نے وکست بھارت 2047@ کے ویژن کے تحت اس پروگرام میں حصہ لیا۔

KISHAN

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کو عصری بنائے جانے کے کام اگلے سال کے اختتام تک مکمل ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کومراویلی ملنا ریلوے اسٹیشن کا آئندہ سال سنکرانتی تک افتتاح کیا جائے گا جبکہ ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ اگلے سال سے کام کرنا شروع کردے گا۔ سکندرآباد اسٹیشن پر کاموں کا معائنہ کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ تقریباً 50 فیصد کام مکمل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سکندرآباد اسٹیشن پر مختلف عصری سہولتیں جیسے اسکیلیٹر س، واکنگ ٹراک اور کھانے پینے کی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔

Sound Byte.

اس اسٹیشن کو عصری بنانے کیلئے 715 کروڑ روپے کی لاگت سے کام کیئے جارہے ہیں۔

○○